## سوال

(341)آپ ﷺ نے بھی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی تھی !

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نبی پاک ﷺ نے منادی کروا کر صحابہ کو اکٹھا کر کے غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی ہے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی کریم ﷺ نے نجاشی کی وفات پہ فرمایا تھا تمہارا بھائی نجاشی فوت ہو گیا اس کی نماز جنازہ پڑھو پھر آپ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی ۔ (بخاری ۔ کتاب الجنائز ۔ باب الرجل ینعی الی اہل المیت بنفسہ) اگر منادی سے آپ کوئی مخصوص قسم کی منادی مراد رکھتے ہیں تو پھر غور طلب یہ امر ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منادی کروا کر صحابہ ﷺ کو اکٹھے کر کے کوئی حاضرانہ نماز جنازہ بھی پڑھائی ہے یا نہیں؟ غائبانہ تو بعد کا مسئلہ ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل

## جنازے کے مسائل ج1ص256

محدث فتویٰ